اشتہار برائے بھرتی ڈرائیور کنسٹیبلان (پنجاب کانسٹیبلری)

پنجاب کانسٹیبلری میں ڈرائیور کانسٹیبلان سکیل نمبر 7 بمع مروجہ الاؤنسز کی خالی آسامیوں پر بھرتی کیلئے پھیلے گئے اضلاع کے سکونتی امیدواران سے مندرجہ ذیل شیڈول کے مطابق مجوزہ فارم پر درخواستیں مطلوب ہیں۔

اہلیت برائے سول امیدوار

(1)	عمر	21 تا 30 سال
(2)	قد	برائے مرد امیدواران: کم از کم 5 فٹ 7 انچ۔ برائے خواتین امیدواران: کم از کم 5 فٹ 2 انچ
(3)	چھاتی	کم از کم 33" 34"½ (صرف مرد امیدواران کیلئے)
(4)	سکونت	امیدواران کا لاہور، شیخوپورہ، قصور، ننکانہ صاحب، راولپنڈی، اٹک، جہلم، چکوال، سرگودھا، بھکر، لیہ، میانوالی، ٹوبہ ٹیک سنگھ، جھنگ، فیصل آباد، چنیوٹ، ملتان، خانیوال، لودھراں، وہاڑی اضلاع کا سکونتی (ڈومیسائل) ہونا اور شناختی کارڈ کا حامل ہونا ضروری ہے۔
(5)	تعلیم	میٹرک شدہ بورڈ سے سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ
(6)	دوڑ	برائے مرد امیدواران: 1.6 کلومیٹر دوڑ 7 منٹ میں طے کرنا ہوگی۔ برائے خواتین امیدواران: 1.6 کلومیٹر دوڑ 10 منٹ میں طے کرنا ہوگی
(7)	ڈرائیونگ لائسنس و تجربہ	LTV ڈرائیونگ لائسنس اور LTV ڈرائیونگ لائسنس حاصل کرنے کے بعد دو سالہ تجربہ (امیدواران کا ڈرائیونگ ٹیسٹ، میکینیکل ٹیسٹ اور رائی وے کوانیسٹ لیا جائے گا)

ہدایات برائے امیدواران

☆ خواہشمند امیدواران مجوزہ فارم پنجاب پولیس کی ویب سائٹ http://punjabpolice.gov.pk/ سے ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔

☆ درخواست فارم سمہ تصدیق شدہ فوٹو کاپی اسناد ضروری کاغذات اور مبلغ 200 روپے (فارم فیس) مورخہ 15.09.2024 تا 29.09.2024 تک پنجاب کانسٹیبلری کے مندرجہ ذیل دفاتر میں جمع کروائے جا سکتے ہیں۔ ۱۔ دفتر پنجاب کانسٹیبلری، ہیڈ کوارٹر فاروق آباد، ۲۔ دفتر بٹالین کمانڈر، پی سی بٹالین نمبر 1، عباس لائنز لاہور، ۳۔ دفتر بٹالین کمانڈر، پی سی بٹالین نمبر 2، سوات، راولپنڈی ۴۔ دفتر بٹالین کمانڈر، پی سی بٹالین نمبر 3، ملتان، اور ۵۔ دفتر بٹالین کمانڈر، پی سی بٹالین نمبر 4، فیصل آباد۔

☆ بھرتی شیڈول کے متعلق معلومات دفتر کمانڈنٹ پنجاب کانسٹیبلری، فاروق آباد سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔ ☆ امیدواران کو قد، چھاتی، تعلیم، عمر اور تجربہ وغیرہ میں کوئی رعایت نہ دی جائے گی۔

☆ سرکاری و نیم سرکاری اداروں کے ملازم اپنا فارم / درخواست محکمانہ توسط سے آخری تاریخ سے قبل جمع کروائیں۔

مختص کوٹہ:۔ ☆ اقلیتی امیدواران کے لیے پانچ فیصد (05%) کوٹہ مختص ہوگا۔ ☆ خواتین امیدواران کے لیے پندرہ فیصد (15%) کوٹہ مختص ہوگا۔ ☆ دس فیصد (10%) سابقہ فوجیوں کے لیے مختص ہوگا اور

– قد، چھاتی، تعلیم، سکونت = جو مندرجہ بالا سول امیدواران کے لئے مخصوص ہے۔

– عمر = امیدوار کی موجودہ عمر سے اگر فوج کی مدت ملازمت منہا کی جائے تو اس کی بقایا عمر 25 سال یا اس سے کم ہونی چاہیے۔ علاوہ ازیں موجودہ عمر 40 سال سے زیادہ نہ ہو اور اسے ریٹائرڈ ہوئے 2 سال سے زیادہ عرصہ نہ ہو۔ وہ اہلکار جو طبی بنیاد پر یا کسی بھی انضباطی کاروائی کی وجہ سے فوج سے برخواست یا ریٹائرڈ ہوں گے وہ درخواست دینے کے مجاز نہیں ہیں۔

نوٹ:۔ ☆ امیدواران کا دوڑ، قد، چھاتی کی پیمائش، ڈرائیونگ ٹیسٹ تحریری امتحان اور انٹرویو لیا جائے گا۔

☆ وہ امیدواران جو پولیس فیملی تعلیم کی بنیاد پر اضافی نمبر لینا چاہتے ہیں وہ اپنے کلیم سے متعلقہ تمام کاغذات جیسا کہ پنشن بک، ریٹائرمنٹ آرڈر کی کاپی وغیرہ اپنی درخواست کے ساتھ منسلک کریں۔

☆ تمام امیدواران کو بیان حلفی جمع کروانا ہوگا کہ وہ کسی قسم کی ایف آئی آر (FIR) یا مقدمہ میں نامزد / ملوث / مطلوب نہ ہیں۔ غلط بیان حلفی جمع کروانے کی صورت میں امیدوار کو پولیس میں بھرتی کے لیے نااہل قرار دے دیا جائے گا۔ اور قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

☆ اگر کسی بھی مرحلہ پر امیدوار کی تعلیمی اسناد، میٹرک، میڈیکل، قومی شناختی کارڈ اور میڈیکل سرٹیفکیٹ کی پڑتال کے دوران یہ کاغذات جعلی یا غیر تصدیق شدہ پائے گئے تو امیدواری بھرتی منسوخ کر دی جائے گی اور قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ ☆ ابتدائی طور پر منتخب ہونے والے امیدواران بعد از میڈیکل رنگ کیٹریس میڈیکل بورڈ کے روبرو پیش ہونے کلر بلائنڈ (Colour Blind) امیدوار بھرتی کیلئے نااہل تصور ہوں گے۔

☆ صرف وہ امیدواران دوڑ اور جسمانی پیمائش کے اہل ہوں گے جن کی درخواستیں مکمل پائی جائیں گی۔ امیدوار کو انتخاب کے مختلف مراحل میں کیے جانے والے کسی قسم کے اخراجات کی ادائیگی نہ کی جائے گی۔ دوڑ اور جسمانی پیمائش پنجاب کانسٹیبلری ہیڈ کوارٹر، فاروق آباد میں منعقد ہوگی۔ ☆ محکمہ کا اختیار ہوگا کہ بھرتی تمام مراحل مکمل ہونے پر یا کسی بھی مرحلہ پر منسوخ کی جا سکتی ہے اور کسی بھی عدالت یا فورم پر چیلنج نہ کیا جا سکے گی۔

(IPL-8893)

المشتہر: ڈی آئی جی (اسٹیبلشمنٹ II) سنٹرل پولیس آفس، لاہور